ریسٹورانٹ میں

ویٹر: آئیے، یہاں بیٹھیے۔

گاہک شکریہ۔

ویٹر آپ کیا لیں گی؟

گاہک: یہاں کیا کیا ملے گا؟

ویٹر: یہ مینو لیجیے۔

گاہک: جناب، ہمیں چکن قورمہ اور مٹن بریانی چاہیے۔

ویٹر: کیا آپ روٹی اور سلاد نہیں لیں گی۔

گاہک: جی ہاں، نان چاہیے۔گرم گرم نان لائیے۔ اور سلاد بھی لائیے۔ ساتھ میں رائتہ تو ہو گا نا؟

ویٹر: جی ہاں، رائتہ تو بریانی کے ساتھ ضرور ہوتا ہے۔ محترمہ، کیا شامی کباب یا سیخ کباب بھی لا دوں؟

گاہک: نہیں جناب، مجھے زیادہ مرچ مصالحے کے کھانے پسند نہیں ہے۔ کباب میں تو بہت مرچ مصالحہ ہوتا ہے نا؟

ویٹر: جی ہاں، لیکن آپ کہیں گی تو میں مصالحہ کم کروا دوں گا۔

گاہک: تو ٹھیک ہے۔ مجھے ایک پلیٹ کباب کی بھی لا دیجیے۔ لیکن کباب گائے کے گوشت کے ہوں۔

ویٹر: جی بہت بہتر۔

گاہک: اور ہاں، پانی بوتل والا چاہیے۔کوئی منرل واٹر کی بوتل لائیے گا۔ اور زیادہ ٹھنڈی نہ ہو۔

ویٹر: جی، بہت اچھا۔

ویٹر: کھانا کیسا تھا؟ کیا آپ کو پسند آیا؟

گاہک: جی ہاں۔ بہت مزے دار تھا۔ میں نے بہت کھایا۔ بریانی بہت اچھی تھی۔

ویٹر: کیا آپ کو کوئی میٹھا لا دوں؟

گاہک: جی نہیں۔ مجھے میٹھا پسند نہیں۔ اور پھر میرا پیٹ بہت بھر گیا ہے۔

ویٹر: تو کیا آپ چائے بھی نہیں پییں گی؟

گاہک: ہاں، مصالحے والی چائے مل سکے گی؟

ویٹر: جی ہاں، مل سکے گی۔

گاہک: تو مجھے مصالحے والی چائے لا دیجیے۔

ویٹر: جی، ابھی لاتا ہوں۔